★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 301 بروز بدھ 29 جولائی 2026ء 13 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

پاکستان سمیت دنیا بھر میں دوستی کا عالمی دن ''ورلڈ فرینڈ شپ ڈے'' 30 جولائی جمعرات کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں دوستی کا عالمی دن ''ورلڈ فرینڈ شپ ڈے'' 30 جولائی جمعرات کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دوستی کے رشتوں کو مضبوط بنا کر امن و بھائی چارے کے کلچر کو فروغ دینا ہے۔اس دن کے حوالے سے مختلف سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات منعقد کی جائیں گی جس میں معاشرے میں دوستی جیسے عظیم رشتے کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔

پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ، پانچ ٹرالر اور دو بوزر نذر آتش، ڈرائیور زخمی

چاغی (آن لائن) پنجگور کے علاقے میں ہوٹل کے سامنے کھڑی ٹرالر اور بوزر گاڑیوں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے بعد مسلح افراد نے پانچ ٹرالر اور دو بوزر گاڑیوں کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا، جبکہ فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ زخمی ڈرائیور کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے میں کارروائی شروع کر دی ہے، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طلبہ کی دہائی پر فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کیا، جہاں انہوں نے طلبہ سے تفصیلی ملاقات کی

وزیراعلیٰ بلوچستان کا قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طلبہ کی دہائی پر نوٹس، مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

لائبریری میں جدید ڈیجیٹل لیب قائم کی جائے، مختلف شعبہ جات سے متعلق نئے ایڈیشن کی معیاری کتابیں فراہم کی جائیں کولنگ سسٹم اور سولر سسٹم کو فوری طور پر فعال بنایا جائے تاکہ طلبہ کو بہترین تعلیمی اور مطالعاتی ماحول میسر آ سکے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طلبہ کی دہائی پر فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کیا، جہاں انہوں نے طلبہ سے تفصیلی ملاقات کی، ان کے مسائل، تجاویز اور ضروریات بغور سنیں اور موقع پر ہی متعدد اہم فیصلے کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری عملدرآمد کی ہدایات جاری کیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر قائداعظم لائبریری کو پاکستان کی مثالی اور جدید لائبریری بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ تین ماہ کے اندر اس ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ لائبریری میں جدید ڈیجیٹل لیب قائم کی جائے، مختلف شعبہ جات سے متعلق نئے ایڈیشن کی معیاری کتابیں فراہم کی جائیں، جبکہ کولنگ سسٹم اور سولر (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

آزاد کشمیر کے عوام نے ترقی، استحکام اور خدمت کے حق میں فیصلہ دیا، طارق فضل چوہدری

میرپور (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے آزاد کشمیر کے بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کو عوام کے اعتماد، جماعت کی خدمات اور ترقیاتی ویژن کا اظہار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نتائج نے ثابت کر دیا (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وزیراعظم کا ''اپنا گھر اسکیم'' پر عملدرآمد تیز کرنے کا حکم، بینکوں کو فنانسنگ بڑھانے کی ہدایت



اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ''پرائم منسٹر اپنا گھر اسکیم'' پر پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسکیم پر عملدرآمد، فنانسنگ اور آئندہ حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

کشمیری عوام نے دھاندلی زدہ انتخابات مسترد کر دیے ہیں، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کشمیری عوام پر فائرنگ اور تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے معاملے کو افہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قائداعظم لائبریری کوئٹہ کے طالب علموں کے مسائل سن رہے ہیں

آئل ریفائنریز کی اپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ یہ پاکستان کے توانائی تحفظ (انرجی سیکیورٹی) کے جامع نظام کا ایک اہم ستون ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی اجلاس میں گفتگو

جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ریفائنریز نہ صرف ملک کی توانائی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کریں گی بلکہ درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے اور ماحول دوست ایندھن کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوں گی

وزیراعظم نے ملک میں پیٹرولیم اسٹریٹیجک ذخائر بڑھانے کی ہدایت کر دی

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں پاکستان آئل ریفائننگ پالیسی, 2023 میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دی گئی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آئل ریفائنریز کی اپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ یہ پاکستان کے توانائی تحفظ (انرجی سیکیورٹی) کے جامع نظام کا ایک اہم ستون ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاکستان آئل ریفائننگ پالیسی, 2023 میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آئل ریفائنریز کی اپ گریڈیشن وقت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

تحریری شکایات پیش کرنے کے لئے طریق کار کی تفصیلات جاری کر دی گئیں

کھلی کچہری میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد بمقام دفتر نیب (بلوچستان) واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بد عنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے حیدرآباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے حیدرآباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کے وفد کی ملاقات میں شرکت کی۔ ملاقات کے دوران آئینی و پارلیمانی امور، قانون کی بالادستی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وفاقی حکومت کا حجم کم کرنے اور کارکردگی بڑھانے کا عمل تیز

وزیراعظم شہباز شریف کی رائٹ سائزنگ میں مزید پیشرفت کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے حکومتی اخراجات میں کمی، سرکاری اداروں کی استعداد کار میں اضافے اور اصلاحاتی ایجنڈے پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی، بہتر تربیت اور مؤثر انتظامی اصلاحات کے ذریعے سرکاری اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جائے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) کے دہشتگرد بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے دشمن، ایک شہری شہید چار زخمی

کوئٹہ (آن لائن) فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) کے دہشتگرد بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے دشمن بن گئے۔ فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) کے دہشتگردوں نے کوئٹہ میں بزدلانہ حملے میں ایک شہری شہید جبکہ چار افراد زخمی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

وزیراعظم کا ایس ایم ایز کے لیے قرضوں تک رسائی تیز کرنے کا حکم

کاروباری شعبے کو آسان مالیاتی سہولیات فراہم کرنا پائیدار معاشی ترقی کی بنیاد ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں کاروباری شعبے، بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی قرضوں تک رسائی بڑھانے کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں مالیاتی سہولیات کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے متعدد اہم فیصلے کیے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

آئے روز بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات نے عوام پر زندگی کا دارومدار بند کر رکھا ہے جس کی وجہ سے بلوچستان میں ہر مکتبہ فکر کے لوگ متاثر ہے

اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کا امن وامان کی مخدوش صورتحال پر کوئٹہ میں 3 روزہ جرگہ بلانے کا اعلان

ریاست کی ذمہ داری پوری کرنے سے کیوں قاصر ہے لوگوں کے جان و مال، کاروبار کو تحفظ نہیں دے رہے جس پر ہر شخص فکر مند ہے، خطاب

کوئٹہ میں 3 روزہ 29 سے 31 اگست تک جرگہ بلائیں گے باجوڑ سے لیکر پشتونخوا تک امن وامان کی بحالی کیلئے ستمبر یا اکتوبر میں پختونخوا وطن میں جرگہ بلایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر تحریک تحفظ آئین پاکستان کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی قومی شاہراہوں اور کاروبار کی بندش، مال بردار گاڑیوں کو جلانے، بشمول لوگوں کی قتل و غارت گری کے خلاف مسائل کے حل کیلئے کوئٹہ میں 3 روزہ 29 سے 31 اگست تک جرگہ بلائیں گے اور 5 اگست کو عمران خان کی 3 سال جیل میں مقید ہونے کے خلاف احتجاجی ریلیاں اور مظاہرے کیے جائیں گے۔ جبکہ باجوڑ سے لیکر پشتونخوا تک امن وامان کی بحالی کیلئے ستمبر یا اکتوبر میں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف موجودہ مون سون سیزن کے دوران سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان اپ لفٹنگ اینڈری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، مظفرآباد اور گلگت میں جدید اے آئی مراکز قائم ہوں گے

مصنوعی ذہانت کے فروغ کا بڑا منصوبہ، ملک بھر میں 7 قومی اے آئی ہب قائم کرنے کا فیصلہ

دو سال میں 560 اسٹارٹ اپس کی انکیوبیشن کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے شعبے کو فروغ دینے، نوجوانوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے مواقع پیدا کرنے اور ملکی معیشت کو ڈیجیٹل دور سے ہم آہنگ کرنے کے لیے حکومت نے ملک بھر میں 7 قومی اے آئی ہب قائم کرنے کا فیصلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

راولاکوٹ میں کشیدگی، پاکالعدم ایکشن کمیٹی کے مظاہرین اور سکیورٹی اداروں میں تصادم، رینجرز اہلکار شہید متعدد زخمی

راولاکوٹ (آن لائن) آزاد کشمیر میں انتخابات کے کامیاب انعقاد کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال میں کشیدگی بڑھ گئی ہے۔ سرکاری حکام کے مطابق JAAC سے منسلک (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت کے فروغ میں اہم پیش رفت

آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 6.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (آن لائن) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت میں عالمی مسابقت کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ پاکستان کا آئی ٹی شعبہ نمایاں سنگ میل عبور کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی اہمیت منوا رہا ہے۔ مالی سال (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

رکھنی، نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کے دوران ڈی ایس پی اور پولیس اہلکار کو ساتھ لے گئے

رکھنی (آن لائن) رکھنی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کے دوران ڈی ایس پی اور پولیس اہلکار کو ساتھ لے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ایس اینڈ پی گلوبل: مالی سال 2027 میں 3.5 فیصد معاشی نمو متوقع

اسٹیٹ بینک کا شرح سود 11.5 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ درست قرار

اسلام آباد (آن لائن) ایس اینڈ پی گلوبل مارکیٹ انٹیلیجنس نے کہا ہے کہ پاکستان کی مانیٹری پالیسی آئندہ بھی محتاط رہنے کا امکان ہے۔ اگرچہ ملکی معیشت میں بہتری کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں، تاہم مہنگائی، بیرونی خطرات اور موسمیاتی تبدیلی جیسے عوامل اب بھی معاشی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے شفاف نظام اور غذائی تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت کر دی

وفاقی حکومت کا ملک بھر میں گندم کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کا عزم

درآمدی گندم کی تقسیم صوبائی ضروریات کے مطابق ہوگی، اجلاس میں گندم کی دستیابی، معیار، درآمد اور تقسیم کے معاملات کا جائزہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ملک میں گندم کی دستیابی، غذائی تحفظ اور صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے اقدامات مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ درآمدی گندم کا معیار صوبوں کی مشاورت سے طے کیا جائے گا اور اس کی منصفانہ تقسیم صوبائی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے یقینی بنائی جائے گی۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیر صدارت ویٹ بورڈ کے اعلیٰ سطحی (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے وفد کا واپڈا ہاؤس کا دورہ

10 ہزار میگاواٹ سستی پن بجلی نیشنل گرڈ میں شامل ہوگی، واپڈا

لاہور / کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے وفد نے واپڈا ہاؤس کا دورہ کیا، جہاں انہیں پاکستان میں آبی اور پن بجلی کے وسائل کی ترقی، جاری میگا منصوبوں (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

آزاد کشمیر الیکشن کا پہلا مرحلہ، میرپور ڈویژن کی 13 میں سے 9 نشستیں مسلم لیگ (ن) لے گئی

4 نشستوں پر پاکستان پیپلز پارٹی نے کامیابی حاصل کی ہے، الیکشن کمیشن نے غیر حتمی غیر سرکاری نتائج کا اعلان

مظفرآباد (آن لائن) آزاد کشمیر الیکشن کمیشن نے پہلے مرحلے میں میرپور ڈویژن سے ہونے والے انتخابات میں کامیاب امیدواروں کے غیر سرکاری و غیر حتمی نتائج کا اعلان (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

محکمہ خوراک کی بندش سے کاشتکار شدید مالی مشکلات سے دوچار ہو گئے

بھاری اخراجات اور سخت موسمی حالات کا مقابلہ کر کے فصل تیار کرتا ہے، کسان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے زمینداروں اور کسانوں نے حکومت بلوچستان سے محکمہ خوراک کو فوری طور پر بحال کرنے اور گندم کی سرکاری خریداری کے مراکز دوبارہ قائم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ خوراک کی بندش سے کاشتکار شدید مالی مشکلات سے دوچار ہو گئے ہیں زمینداروں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کا کسان سال بھر محنت بھاری اخراجات اور سخت موسمی حالات کا مقابلہ کر کے فصل تیار کرتا ہے۔ کھاد، بیج، زرعی ادویات، ڈیزل، بجلی اور آبپاشی کے بڑھتے ہوئے اخراجات برداشت کرنے کے باوجود جب فصل تیار (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

جماعت اسلامی کے مرکزی سیکرٹری امیر العظیم اخلاص استقامت جدوجہد کا روشن مثال تھا، مولانا ہدایت الرحمن

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے مرکزی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ایران، امریکہ اور اسرائیل کشیدگی: رواں برس 34 ہزار سے زائد افراد ایران سے تفتان کے راستے پاکستان پہنچ گئے

اسلام آباد (آن لائن) مشرق وسطیٰ میں ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی کے تناظر میں رواں برس ایران سے پاکستان آنے والے افراد کی تعداد میں نمایاں (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

حج 2027 کے خواہشمند عازمین کیلئے خوشخبری، پاسپورٹ کی تجدید ترجیحی بنیادوں پر کرانے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (آن لائن) حج 2027 کے خواہشمند عازمین کے لیے خوشخبر (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے امریکی کانگریسی وفد کی ملاقات

پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی اور توانائی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے امریکی کانگریسی وفد کی ملاقات

امریکی ارکان کانگریس نے خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے امریکی کانگریسی وفد کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی اور توانائی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق اسحاق ڈار نے پاکستان اور امریکا کے تعلقات میں مثبت پیش رفت کو خوش آئند قرار دیا۔ ملاقات میں پاکستان اور امریکا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ضلع چاغی میں ایک سال سے زائد عرصے سے تحصیلداروں کی اسامیاں خالی

شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور سرکاری امور بھی متاثر ہو رہے ہیں، عوامی حلقے

چاغی (آن لائن) ضلع چاغی میں ایک سال سے زائد عرصے سے تحصیلداروں کی اسامیاں خالی پڑی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ضلع چاغی کے صدر مقام دالبندین، نوکنڈی، تفتان، یک مچ اور تحصیل چاگئے میں طویل عرصے سے تحصیلدار تعینات نہیں کیے گئے۔ اس وقت ضلع کی تمام تحصیلوں میں تحصیلدار نہ ہونے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور سرکاری امور بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے تحصیلداروں کی اسامیوں کے طویل عرصے سے خالی ہونے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس صورتحال کا فوری نوٹس (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

دنیا کے بڑے کنٹینر بردار جہازوں میں شامل ایم ایس سی مرجام کراچی پورٹ پہنچ گیا

کراچی (آن لائن) دنیا کے بڑے کنٹینر بردار جہازوں میں شامل ایم ایس سی مرجام کراچی پورٹ پہنچ گیا۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کے مطابق 400 میٹر طویل اور 19 ہزار (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری بنجے کمار ملاقات کر رہے ہیں

نوشکی، سیکورٹی فورسز نے اسٹیشن کے مقام پر شاہراہ پر ٹریفک روک دیا

نوشکی (آن لائن) سیکورٹی فورسز نے اسٹیشن کے مقام پر شاہراہ پر ٹریفک روک دیا ذرائع کے مطابق نوشکی شہر کے قریب این چالیس آر ڈی شاہراہ پر قائم سیکورٹی فورسز کے چیک پوسٹ پر کوئٹہ تفتان آر سی ڈی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا ہے جس کے باعث دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں مسا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

حساس بین الاقوامی موضوعات پر متوازن اور جامع صحافت ناگزیر ہے، خواجہ آصف

پاکستان کے جوہری پروگرام کو صرف محدود تناظر میں پیش کرنا حقائق کی مکمل عکاسی نہیں کرتا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے جرمن نشریاتی ادارے کے بیان کو سوشل میڈیا پر پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے حق میں اختیار کیے گئے موقف کی حمایت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، جہاں صارفین نے قومی دفاع اور جوہری صلاحیت سے متعلق مختلف آراء کا اظہار کیا۔ پاکستانی سیاسی اور صحافتی حلقوں کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام پر کسی بھی تجزیے میں جنوبی ایشیا کی سیکیورٹی صورتحال، خطے کے اسٹریٹجک ماحول اور تاریخی پس منظر کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ ان کے مطابق پاکستان کے جوہری پروگرام کو صرف محدود تناظر میں پیش کرنا حقائق کی مکمل عکاسی نہیں کرتا۔ ان حلقوں نے یہ موقف بھی اختیار کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان اور قطر کی سیکیورٹی سے متعلق شعبوں میں دوطرفہ تعاون اور ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے پر اتفاق

وزیر داخلہ محسن نقوی کی قطری ہم منصب اور داخلی سلامتی فورس (لخویا) کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے اہم ملاقات

دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون اور اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مل کر کام جاری رکھا جائے گا، محسن نقوی

دوحہ (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے دورہ قطر کے دوران قطری ہم منصب اور داخلی سلامتی فورس (لخویا) کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے اہم ملاقات کی، جس میں سیکورٹی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں وزرائے داخلہ نے سیکورٹی سے متعلق شعبوں میں دوطرفہ تعاون، شراکت داری اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پاکستان اور آذربائیجان کے تعلقات مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی آذربائیجانی سفیر سے الوداعی ملاقات

عوامی روابط اور پارلیمانی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے آذربائیجان کے سفیر خزر فرہادوف نے اپنی سفارتی مدت مکمل ہونے پر پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں الوداعی ملاقات کی، جس میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان برادرانہ تعلقات، دوطرفہ تعاون، پارلیمانی روابط اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر قومی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے سنگین خطرات سے دوچار ہے، وفاقی وزراء

حکومت کا سیلابی چیلنج سے نمٹنے کیلئے مربوط حکمت عملی پر عملدرآمد، این ڈی ایم اے کے دورے کے بعد وفاقی وزرا کی مشترکہ نیوز بریفنگ

گرین ہاؤس گیسوں کے بڑے اخراج میں شامل نہ ہونے کے باوجود موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات برداشت کر رہا، مصدق ملک و دیگر

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے بڑھتے ہوئے خطرات، ممکنہ سیلابی صورتحال اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جامع قومی حکمت عملی پر عملدرآمد کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر تمام وفاقی اور صوبائی ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے دورے کے بعد وفاقی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیرِ وطن
TAMEER-E-WATAN

آزاد کشمیر انتخابات

وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر کے بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) نے 9 جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے 4 نشستوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے آزاد کشمیر انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کے دوران میڈیا نمائندے مسلسل پولنگ اور ووٹر ٹرن آؤٹ کی رپورٹنگ کرتے رہے، جبکہ ووٹروں کو حقِ رائے دہی استعمال کرنے کا زیادہ موقع دینے کے لیے پولنگ کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میرپور ڈویژن میں الیکشن کمیشن، انتظامیہ، پولیس، آئی جی، ڈی آئی جی، ڈپٹی کمشنرز اور دیگر اداروں نے شفاف اور پرامن انتخابات کے انعقاد میں مؤثر کردار ادا کیا، جس کے باعث مجموعی طور پر انتخابی عمل منظم، کامیاب اور پرامن رہا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ انتخابی روز پیش آنے والا افسوسناک واقعہ 2 گروپوں کے پرانے خاندانی تنازع کا نتیجہ تھا، کیونکہ ایک ہی خاندان کے افراد مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 10 روز قبل بھی اسی تنازع میں مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک عاشق جاں بحق ہوئے تھے، جبکہ انتخابی روز دوبارہ فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص جاں بحق اور ایک سے 2 افراد زخمی ہوئے۔ ان کے مطابق اس واقعے کے علاوہ پورے میرپور ڈویژن میں پولنگ پرامن رہی اور کسی دوسرے مقام پر کوئی بڑا امن وامان کا مسئلہ پیش نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر حلقہ ایل اے 6- میں ایک امیدوار کے خلاف فوری کارروائی کی گئی، جس نے مبینہ طور پر پولنگ سٹیشن پر ہنگامہ آرائی اور بیلٹ پیپرز جلانے کی کوشش کی، اطلاع ملتے ہی انتظامیہ اور پولیس نے امیدوار کو گرفتار کرلیا، مقدمہ درج کرلیا گیا اور قانون کے مطابق کارروائی جاری ہے، فائرنگ کے واقعے میں ملوث متعدد افراد کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ 01

پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں صنعتی اخراج پر قابو پانے، شجرکاری مہمات کو فروغ دینے اور شہری علاقوں میں ماحولیاتی بہتری کے لیے جدید اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے مزید کہا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ماحولیاتی اہداف کا حصول ممکن نہیں، لہٰذا شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہمات کو وسعت دی جا رہی ہے۔ تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے تعاون سے ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت آئندہ نسلوں کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر وفود نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل سے صوبائی مشیر کو آگاہ کیا۔ صوبائی مشیر نے تمام علاقوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 02

کے لیے یکم اگست سے تمام ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کا فیصلہ کیا گیا جن کے لیے ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین پر مشتمل 10 کمیٹیاں تشکیل دے کر ان کا باقاعدہ شیڈول جاری کر دیا گیا۔ یہ کمیٹیاں تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے، یونٹوں کے عاملہ اراکین سے ملاقات کرنے، مسائل و تجاویز سننے اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنے اپنے مقررہ یونٹوں کا دورہ کریں گی۔ اجلاس میں عوامی، سماجی اور شہری مسائل کے حل کے لیے مختلف کمیٹیوں کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔ یہ کمیٹیاں متعلقہ سرکاری اداروں اور حکام سے مسلسل رابطے کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں گی۔ فیصلہ کیا گیا کہ کمیٹیوں کے اراکین روزانہ کی بنیاد پر ضلعی دفتر میں موجود رہیں گے جہاں کارکنوں اور شہریوں کے مسائل سن کر ان کے بروقت حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ اور پیروی کی جائے گی۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سمیت ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین، تحصیلوں اور یونٹوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے جس کی اصل قوت اس کے کارکنان، مضبوط تنظیم اور عوامی خدمت میں مضمر ہے۔ موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ جماعت کے ہر ذمہ دار اور کارکن میں احساس ذمہ داری، نظم و ضبط اور میدان عمل میں بھرپور فعالیت نمایاں ہو۔ انہوں نے کہا کہ ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کا مقصد تنظیمی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنا، کارکنان سے براہ راست رابطہ استوار کرنا، ان کے مسائل اور تجاویز سے آگاہی حاصل کرنا اور جماعتی سرگرمیوں میں مزید تیزی پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ دورہ کمیٹیوں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور تنظیمی اہداف کے حصول کے لیے اپنی ذمہ داریاں اخلاص، دیانت اور احساس جوابدہی کے ساتھ ادا کریں۔ مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوامی مسائل سے کبھی غافل نہیں رہی اور نہ ہی آئندہ رہے گی۔ عوام کو درپیش بجلی، گیس، پانی، مہنگائی، بے روزگاری، امن و امان اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے جماعت ہر سطح پر مؤثر آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی سطح پر قائم کی گئی مختلف کمیٹیاں عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں رہیں گی تاکہ شہریوں کو حتی المقدور فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے بلوچستان خصوصاً کوئٹہ میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ وہ امن کے قیام، شہریوں کے تحفظ اور عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے مؤثر، سنجیدہ اور دیرپا اقدامات کریں۔ انہوں نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ اتحاد، نظم، استقامت اور باہمی تعاون کو فروغ دیتے ہوئے جماعت کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں اور عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ اجلاس میں ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا حفیظ اللہ، حافظ رشید احمد، حافظ دوست محمد مینگل، حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ مسعود احمد، حافظ سراج الدین، حاجی قاسم خان خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی محمد شاہ لالا، عبدالصمد ہتیار، مولانا شعیب جدون، مفتی نیک محمد، شاہ زاہد مشوانی، حافظ محمد عارف شمشیر، مفتی ابوبکر، مفتی رضا خان، میر سرفراز شاہوانی، حاجی ظفر کاکڑ، سیٹھ اجمل بازئی، مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطا محمد شمشوزئی، حافظ حبیب الرحمن نے شرکت کی۔

بقیہ 03

عبدالرازق مندوخیل، ایگزیکٹیو انجینئر بارکھان انجینئر فضل کریم، متعلقہ کنسلٹنٹ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تعمیراتی سرگرمیوں، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق آگاہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے کام جاری ہے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے رکھنی ٹاؤن کی اپ لفٹنگ اور بازار کی ری ماڈلنگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوہ سلیمان ڈویژن کے قیام کے بعد رکھنی کو بطور ڈویژنل ہیڈ کوارٹر خصوصی اہمیت حاصل ہوئی ہے، اس تناظر میں شہری بنیادی سہولیات، سڑکوں، نکاسی آب، بازاروں اور شہری ڈھانچے کی بہتری ناگزیر ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رکھنی شہر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور معیار کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام کو یہ واضح ہدایات دیں کہ جہاں جہاں انہیں کام کے لیے مواقع حاصل ہیں وہاں پوری رفتار کے ساتھ کام کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک ٹیم ورک کے ساتھ کام کرنا ہے تاکہ یہ اہم نوعیت کا منصوبہ اپنے وقت مقررہ پر مکمل ہو۔ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے ڈپٹی کمشنر بارکھان کو جوائنٹ کمیٹی بھی بنانے کی ہدایت کی تاکہ یہ کمیٹی اس منصوبے کی ہر زاویے سے جانچ پڑتال کرے اور جو بھی خامیاں ہیں انہیں ختم کیا جائے۔ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ صوبائی حکومت کی یہ اولین ترجیح ہے رکھنی شہر کو دور حاضر کے جدید سہولیات سے ہم آہنگ کریں جس کے کشادہ سڑکیں، مؤثر سٹریٹ لائٹس، معیاری بائی پاس کے علاوہ مرکزی بازار میں دکانوں اور ریڑھی بانوں کے لیے الگ اور منظم جگہ فراہم کی جائے گی۔ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے اس عزم کا اظہار کیا کہ رکھنی شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا تاکہ پسماندہ علاقوں کی ترقی اور خوشحالی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جائے۔

بقیہ 04

سلسلے میں 29 جولائی (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 kV نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی۔ اس کے علاوہ 29 جولائی اور 31 جولائی کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kV جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، چلتن، روشنی، داریم اور اویان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 30 جولائی کو (بروز جمعرات) 132 kV پشین گرڈ اسٹیشن اور 33kV ذب خانزئی سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی متاثر ہوگی۔ تاہم اس دوران متبادل انتظام کے ذریعے لوڈ مینجمنٹ کے تحت متاثرہ فیڈروں کو بجلی فراہم کی جائے گی۔ کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 05

کہ علاقے میں کھیلوں کے فروغ اور سہولیات کیلئے فراہم کیے گئے فنڈز کی چھان بین کی جائے تاکہ حقائق عوام کے سامنے آسکیں۔ گزشتہ چار سالوں میں آنے والے فنڈز کا آڈٹ کرایا جائے اور علاقے میں کھیل کے میدانوں کو بحال کر کے نوجوانوں کو کھیل کی سہولیات فراہم کی جائیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ واشک بلوچستان کا وسیع و عریض رقبے پر پھیلا ہوا علاقہ ہے ہزاروں نوجوان کھیلوں سے وابستہ ہیں لیکن سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے انہیں کھیلوں کی سرگرمیاں میسر نہیں جبکہ محکمہ سپورٹس علاقے میں کھیلوں کے میدان کی فعالیت اور کھلاڑیوں کے لئے کھیلوں کی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کی بجائے غیر فعال ہے علاقے میں کوئی معیاری فٹبال کا گراؤنڈ نہیں اور کھلاڑی بغیر یونیفارم اور دیگر لوازمات کے کھیلتے ہیں علاقے کے منتخب ایم پی اے کو متعدد بار صورتحال سے آگاہ کیا صوبائی مشیر کھیل مینا مجید اور سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ سے بھی رابطہ کیا انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ہم علاقے میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے وسائل فراہم کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کے سپورٹس فنڈ اور محکمہ سپورٹس کے فنڈز بھی کہاں خرچ ہو رہے ہیں کسی کو پتہ نہیں اس لیے گزشتہ چار سالوں میں محکمہ سپورٹس کو ملنے والے فنڈز کا آڈٹ کرایا جائے تاکہ حقائق عوام کے سامنے آسکیں اور اس میں ملوث عناصر کی نشاندہی ہو سکے۔

بقیہ 06

تینوں پوزیشنیں اپنے نام کریں۔ امتحانی نتائج کے مطابق عبدالرحمن نے 1100 میں سے 1022 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن، عبداللہ جان کاکڑ نے 1007 نمبر حاصل کر کے دوسری جبکہ جمشید نے 1005 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس شاندار کامیابی پر گورنمنٹ کالج آف کامرس، کوئٹہ کے اساتذہ، طلبہ اور والدین نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے طلبہ کی انتھک محنت، اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے حکومت بلوچستان کی مسلسل کاوشوں کا ثمر قرار دیا۔ کالج انتظامیہ نے کہا کہ یہ نمایاں کامیابی نہ صرف ادارے کے لیے باعث فخر ہے بلکہ صوبے میں معیاری تجارتی تعلیم کے فروغ کی بھی عکاس ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 07

صوبائی اسمبلی، کوئٹہ کے کمیٹی روم میں اجلاس طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں ضلع کونسل واشک کے مالی سال 2025-26 کے ترقیاتی بجٹ کی منظوری، مبینہ بے ضابطگیوں اور پی پی آر اے پورٹل پر اپ لوڈ کیے گئے ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ متعلقہ حکام کو تمام اصل اور مصدقہ ریکارڈ کمیٹی کے روبرو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 08

، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی، ایم ایس ڈاکٹر حبیب چدرانی، ماہر امراض قلب ڈاکٹر محمد اسماعیل جتک، ڈاکٹر عبدالغفار ہاشمی، ڈاکٹر عارف لہڑی، ڈاکٹر محمد رفیق لہڑی، ڈاکٹر نصیر عمرانی، ڈاکٹر حماد اللہ زہری، ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی، سب ڈویژنل آفیسر پی ایچ آر ذوالفقار علی لہڑی، میر حزا مینگل، ڈاکٹر عبدالفتح لہڑی، خان جان ہنگورئی، قبائلی رہنما عبدالرؤف لہڑی، اقلیتی رہنما واسول، ہریال داس، میڈیکل ایسوسی ایشن کے مختیار جتک، ارباب چدرانی سمیت مرد و خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر بہاول لہڑی نے کہا کہ ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ اور مؤثر ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے جبکہ ہیپاٹائٹس سی کا جدید ادویات سے تقریباً مکمل علاج کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 30 کروڑ افراد ہیپاٹائٹس بی یا سی سے متاثر ہیں اور ہر سال لاکھوں نئے کیسز سامنے آنے کے ساتھ تقریباً 13 لاکھ افراد جگر کے امراض کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں، جبکہ پاکستان ہیپاٹائٹس سی سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نصیر آباد میں ہیپاٹائٹس کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے وژن کے مطابق ضلع بھر میں 52 ٹیمیں گھر گھر جا کر ہیپاٹائٹس کی اسکریننگ کر رہی ہیں، مریضوں کی بروقت تشخیص اور مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ عوام سے اپیل ہے کہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں، بروقت ٹیسٹ کرائیں اور محکمہ صحت کے ساتھ تعاون کر کے ایک صحت مند معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 09

سے نکلا ہے ان سے رابطہ کرنے اور تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا محمد حسن گزشتہ 15 روز سے گھر سے نکلا ہے اور ان کا گھر والوں سے کسی قسم کا کوئی رابطہ نہیں ہوا ہے اور اس کا نمبر بھی بند جا رہا ہے۔ محمد حسن کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی ہسپتال میں اس کا چیک اپ بھی کرایا گیا اگلے دن وہ ہسپتال چیک اپ کی غرض سے گھر سے نکلا اور آج تک واپس نہیں آیا قریبی رشتہ داروں سے بھی رابطہ کیا لیکن کہیں سے بھی اس کا کچھ معلوم نہیں ہو سکا اگر میرے بیٹے کا کسی مسلح تنظیم سے تعلق رہا تو میرا اور میرے خاندان اس کا کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بقیہ 10

ی ہونے والے ایک بیان میں ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے اور لوگوں کو دن دیہاڑے شہید اور اغواء کیا جا رہا ہے لیکن حکومت کی رٹ کہیں نظر نہیں آ رہی ہے جس سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت کے قیام کے وقت مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان ڈھائی ڈھائی سال وزیر اعلیٰ کا معاہدہ ہوا تھا پیپلز پارٹی کے ڈھائی سال مکمل ہو چکے ہیں اب مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو کو بلوچستان کا وزیر اعلیٰ بنایا جائے کیونکہ میر عاصم کرد گیلو نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی ہے اور بلوچستان کے عوام انکی کارکردگی سے خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان غریبوں کی پارٹی کا مطالبہ ہے کہ اگر بلوچستان کے حالات کو مزید خراب ہونے سے بچانا ہے تو فوری طور پر سرفراز بگٹی کو عہدے سے ہٹایا جائے اور میر عاصم کرد گیلو کو بلوچستان کا وزیر اعلیٰ بنایا جائے۔

بقیہ 11

کا کام شروع تفصیلات کے مطابق پرنٹ اور سوشل میڈیا پر مقامی صحافیوں کی میونسپل کمیٹی کی بدعنوانی و بدانتظامی پر تفصیلی رپورٹ پر محکمہ بلدیات کے اعلیٰ حکام کے سخت نوٹس کے بعد ڈھاڈر شہر میں صفائی اور نالیوں سے بھرا گندگی اٹھایا جا رہا ہے اس حوالے سے شہر کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر کی مسلسل غیر حاضری اور وسائل کی لوٹ مار کی نشاندہی کی تھی جبکہ ایسی ہی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے پاگل کتوں کی تعداد بڑھنے کے باعث کتوں نے کئی بزرگ شہریوں بچوں نوجوانوں اور خواتین پر حملہ آور ہو کر انہیں شدید زخمی کر دیا تھا ان حلقوں نے لوکل گورنمنٹ بلوچستان کے اعلیٰ حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ شہر میں حفظان صحت کے پیش نظر مستقل بنیادوں پر صفائی ستھرائی کے عمل کو جاری رکھا جائے گا اور عارضی اور مستقل ملازمین ناجائز کٹوتیوں اور تاحال بند تنخواہوں کی جلد ادائیگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ غریب ملازمین کے گھروں میں چولہا جلے۔

بقیہ 12

میٹرک، ایف اے، اے ڈی اے، بی ایس، بی ایڈ، پی ایچ ڈی اور سرٹیفکیٹ پروگراموں میں درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 10 اگست 2026ء مقرر کی گئی ہے، جبکہ پی ایچ ڈی، ایم فل اور ایم ایس، ایم ایس سی (آنرز) پروگراموں کے لیے آخری تاریخ 17 اگست 2026ء ہے۔ جاری طلبہ اپنے کورسز کا اندراج 24 اگست 2026ء تک کروا سکتے ہیں۔ ریجنل اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد نوید قمر نے بتایا کہ یونیورسٹی میں میٹرک (جنرل و سائنس)، ایچ ایس ایس سی (جنرل، پری انجینئرنگ اور پری میڈیکل)، اے ٹی ٹی سی، ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم فل، پی ایچ ڈی اور ایم بی اے سمیت مختلف پروگرامز میں داخلے جاری ہیں۔ اعلامیے میں طلبہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ داخلے کے لیے آن لائن درخواست یونیورسٹی کی ویب سائٹ کے ذریعے جمع کرائیں، جبکہ پراسپیکٹس اور مزید معلومات ریجنل سینٹر ژوب سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے خواہشمند طلبہ سے اپیل کی ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر بروقت داخلہ یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی قسم کی دشواری سے بچا جا سکے۔

بقیہ 13

س میں تمام متعلقہ محکموں اور انتظامی اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے آغا فیصل نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ یوم آزادی کے موقع پر تمام انتظامات بہترین، منظم اور بروقت مکمل کیے جائیں، لہٰذا تمام محکمے اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے امور کو فوری طور پر حتمی شکل دیں۔ انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ ضلعی سطح پر پرچم کشائی کی تقریبات مقررہ وقت پر منعقد کی جائیں اور وقت کی پابندی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جبکہ تقریبات کے دوران فول پروف سیکیورٹی انتظامات کے ساتھ ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کے لیے کھانے، پینے کے صاف پانی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے۔ سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی نے کہا کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے اور زندہ قومیں اپنے یوم آزادی کو شکرگزاری، وقار اور قومی جذبے کے ساتھ مناتی ہیں، لہٰذا ہم سب پر لازم ہے کہ اس قومی موقع پر اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری، احساس ذمہ داری اور قومی جذبے کے ساتھ انجام دیں تاکہ یوم آزادی کی تقریبات قومی شان و شوکت اور نظم و ضبط کی بہترین مثال بن سکیں۔

بقیہ 14

تحقین کورد کی آسامیوں پر مبینہ غیر قانونی بھرتیوں پر سخت تشویش اور مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ یہ بھرتیاں وفاقی آئینی عدالت کے فیصلوں اور حکومت بلوچستان کے جاری کردہ نوٹیفکیشنز کے منافی ہیں، جن کی پاسداری تمام اضلاع کے ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی پر لازم ہے پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن بلوچستان اس غیر قانونی غیر منصفانہ اقدامات پر کسی صورت خاموش نہیں رہے گی اس حوالے سے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے ذمہ داران کے خلاف شفاف، غیر جانبدارانہ اور میرٹ پر مبنی انکوائری کر کے ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ سینئر کلرک، جونیئر کلرک، اے ایس وی (ASV) اور لیڈی ہیلتھ سپروائزر کی تمام پروموشن پوسٹوں پر کی گئی براہ راست تعیناتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے۔ لو تحقین کورد کی آسامیوں پر کی گئی تمام مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کو فوری طور پر کالعدم قرار دے کر متعلقہ قوانین، عدالتی فیصلوں اور حکومتی پالیسی کے مطابق کارروائی کی جائے۔ ہم صوبائی وزیر صحت، سیکرٹری صحت بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملازمین اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے فوری عملی اقدامات اٹھائے جائیں، بصورت دیگر بلوچستان بھر میں سخت احتجاج کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ خضدار، ڈویژنل ڈائریکٹر، ڈی ایچ او خضدار اور ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال خضدار پر عائد ہوگی۔

بقیہ 15

پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے گشت کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی خیر اللہ ناصر نے کہا کہ ضلع دکی میں امن و امان کا قیام ضلعی انتظامیہ، قبائلی عمائدین، منتخب نمائندوں اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے یا عوام کا سکون خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قبائلی عمائدین ہمیشہ سے معاشرتی ہم آہنگی، تنازعات کے پرامن حل اور بھائی چارے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے آئے ہیں، اور موجودہ حالات میں بھی ان کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ شہریوں کو بہتر تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے دوران ضلع میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور سڑکوں کی بہتری سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین نے کہا کہ ترقی اور امن ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اس لیے حکومت کی کوشش ہے کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے تاکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات میسر آسکیں۔ قبائلی عمائدین نے ڈسٹرکٹ چیئرمین کی جانب سے امن و امان کی بہتری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع دکی میں امن، بھائی چارے، قانون کی بالادستی اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ملاقات کے اختتام پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ امن و امان کی صورتحال کا باقاعدگی سے جائزہ لینے، جرائم کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے قبائلی عمائدین، ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین مشاورت کا سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 16

اس سلسلے کے تسلسل سے عوامی مسائل کے حل میں مزید بہتری آئے گی اور عوام کا حکومتی اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہوگا

عوامی خدمت سیاست کا محور عام آدمی کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، علی مدد جتک

میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ جتک ہاؤس، آصف آباد میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ حکام کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں شہریوں، معززین علاقہ، پارٹی کارکنان اور مختلف وفود نے شرکت کی اس موقع (باقی صفحہ 3 نمبر38)

بلوچستان میں خصوصی افراد کو روزگار سمیت مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، عبداللہ

خصوصی افراد کے 5 فیصد ملازمت کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنا کر روزگار کی فراہمی ممکن بنائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) امید راہ تنظیم کے رہنماؤں عبداللہ اور محمد بشیر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان میں خصوصی افراد کے 5 فیصد ملازمت کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنا کر روزگار کی فراہمی ممکن بنائی جائے تاکہ معذور افراد میں پائی جانے والی تشویش دور ہو سکے یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خصوصی افراد کو روزگار سمیت مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور حکومت کی جانب سے سرکاری ملازمتوں کے پانچ فیصد کوٹے پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے مسائل بڑھ (باقی صفحہ 3 نمبر39)

نوشکی کے علاقہ غریب آباد بائی پاس روڈ پر اندھا دھند فائرنگ واقعہ کے بعد نوشکی شہر میں بھگدڑ مچ گئی

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے علاقہ غریب آباد بائی پاس روڈ پر اندھا دھند فائرنگ واقعہ کے بعد نوشکی شہر میں بھگدڑ مچ گئی، لوگوں میں افراتفری دکانداروں نے اپنے دکانیں بند کر دیئے۔ دیکھتے ہی دیکھتے پورا بازار خالی ہوگیا۔ پولیس نے فائرنگ واقعہ کی تصدیق کردی۔ جبکہ دوسری جا (باقی صفحہ 3 نمبر36)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن اسمبلی نوید ازادہ و میر ظفر اللہ زہری اور خان دولت خان بادیزئی ملاقات کر رہے ہیں

حکومت آئندہ نسلوں کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی

ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومتی ترجیحات میں سرفہرست ہیں، نسیم الرحمن ملاخیل

موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کیلئے ایک جامع اور موثر حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جارہا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز جیسے فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کے لیے ایک جامع اور موثر حکمت عملی (باقی صفحہ 3 نمبر1)

لوگ دوسرے صوبوں کو نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں، لالہ یوسف خلجی

صوبے میں امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جارہی ہے آئے، بات چیت

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے قومی شاہراہوں پر سفر کرنا مشکل ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جارہی ہے آئے قومی شاہراہوں پر بے گناہ مسافروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور تاجروں کی سامان سے لوڈ گاڑیاں چھینی اور نذر آتش کی جارہی ہیں جس سے عوام میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا (باقی صفحہ 3 نمبر34)

حکومت صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں ڈاکٹرز تنظیموں کے ایک نمائندہ وفد نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور انہیں صوبے میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ڈاکٹرز کو درپیش پیشہ ورانہ امور اور طبی سہولیات کی بہتری سے متعلق مختلف تجاویز سے آگاہ (باقی صفحہ 3 نمبر35)

اے ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کا اجلاس

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹریفک پولیس، سیکریٹری آر ٹی اے اور ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کم عمر بچوں اور بغیر قومی شناختی کارڈ کے کسی بھی شخص کو واٹر ٹینکر چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی، گرفتاری اور واٹر سپلائی بند کی جائے گی۔ اجلاس میں تمام ٹینکر مالکان کو ہدایت کی گئی کہ وہ حفاظتی اقدامات پر عمل کریں، تمام ٹینکروں کی اگلی اور پچھلی لائٹس فعال رکھیں

قومی شاہراہیں غیر محفوظ ہیں حکومتی رٹ کا نام و نشان نہیں، جے ڈبلیو پی

اربوں روپے کے فنڈز علاقوں کے نام پر ریلیز ہونے کے باوجود زمینی حقائق اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے

موجودہ دور حکومت میں سوئی ڈیرہ بگٹی کے نام پر اربوں روپے کے فنڈز جاری ہوئے لیکن زمین پر کچھ نظر نہیں آرہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی بلوچستان کے صدر سابق صوبائی وزیر نوابزادہ گہرام بگٹی نے کہا ہے کہ موجودہ دور حکومت میں سوئی ڈیرہ بگٹی کے نام پر اربوں روپے کے فنڈز جاری ہوئے لیکن زمین پر کچھ نظر نہیں آرہا ہے اس کی تحقیقات کی جائے نوجوانوں کی آواز کو دبا کر انہیں روزگار سے محروم رکھا جارہا ہے پی پی ایل سن کوٹہ پر سودے بازی کر کے لوگوں کا معاشی قتل کیا جارہا ہے اس طرح کے اقدامات کی (باقی صفحہ 3 نمبر37)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کا مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ

منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیاری تعمیر متعلقہ افسران کی اولین ذمہ داری ہے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد، وریند رلعل نے ایس ڈی او بلڈنگ عابد حسین چھنور کے ہمراہ ضلع بھر میں مالی سال 2024-25 اور 2026 کے دوران مکمل ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ زیر جائزہ منصوبوں میں گورنمنٹ بوائز پرا (باقی صفحہ 3 نمبر33)

جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

جمعیت علماء اسلام ضلع (ف) کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے نمائندہ اجلاس

کوئٹہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت ضلعی دفتر کوئٹہ میں منعقد ہوئے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت ضلعی دفتر کوئٹہ میں منعقد ہوئے۔ اجلاس میں تنظیمی امور، عوامی مسائل، امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، عوام کو درپیش مشکلات اور آئندہ کے تنظیمی لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ میں جماعتی نظم و نسق کو مزید فعال اور منظم بنانے (باقی صفحہ 3 نمبر2)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، سید اقبال شاہ، حیات اچکزئی اور بلوچ خان گورگیج ملاقات کر رہے ہیں

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کاموں کے (باقی صفحہ 3 نمبر4)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان کے زیر صدارت اجلاس

اپ لفٹنگ آف رکھنی ٹاؤن وری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے جائزہ

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان کے زیر صدارت اپ لفٹنگ آف رکھنی ٹاؤن وری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی سی بارکھان نے بذریعہ زوم اجلاس میں شرکت کی اس کے علاوہ چیف انجینئر لورالائی ژوب زون قاضی نور الحق ایس ای بارکھان وموسیٰ خیل (باقی صفحہ 3 نمبر3)

واشک میں کھیلوں کے گراؤنڈ اور سہولیات نہ ہونا باعث تشویش ہے، عادل آر بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) واشک فٹبال ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر عادل آر بلوچ نے واشک میں کھیلوں کے گراؤنڈ اور سہولیات نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر5)

ڈی ایچ او موسیٰ خیل کا مختلف BHU کا دورہ

ریکارڈ کی درستگی اور حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید بہتر بنایا جا سکے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر خان ایسوٹ نے BHU کنگری BHU راڑہ شم اور BHU کھجوری کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر IHHN کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مجیب الرحمن صاحب بھی موجود تھے۔ دورے کا مقصد بنیادی مراکز صحت میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات EPI پروگرام اور مجموعی انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر24)

گورنمنٹ کالج آف کامرس کے طلبہ نے (HSSC) امتحان 2026 کے کامرس گروپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ کالج آف کامرس، کوئٹہ کے طلبہ نے ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) سالانہ امتحان 2026 کے کامرس گروپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی، دوسری اور تیسری (باقی صفحہ 3 نمبر6)

اے سی لورالائی کا غیر قانونی اسلحہ کے کاروبار کے خلاف کارروائی

لائسنسوں اور دیگر حساس مقامات کی جانچ کا سلسلہ بھی مزید تیز کیا جائیگا

لورالائی (خ ن) ہوم ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کے احکامات اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے غیر قانونی اسلحہ کے کاروبار کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے شہر میں بغیر لائسنس قائم اسلحہ کی ایک دکان کو سیل کر دیا۔ کارروائی کے دوران ایس ڈی پی او غلام اکبر بھی اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ترقیاتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نثار احمد بگٹی

ٹینڈرنگ کے عمل کو صاف اور شفاف بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساؤتھ (پروجیکٹ کوآرڈینیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ سیکرٹری بلدیات اور ڈی جی کی ہدایات کے مطابق لوکل گورنمنٹ میں ٹینڈرنگ کے عمل کو صاف اور شفاف بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں آج بلوچستان کے 6 ڈسٹرکٹ میں کاموں کے ٹینڈر شفاف طریقے سے مکمل کرلئے گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں ٹینڈر اوپن کرتے کے موقع پر ٹھیکیداروں سے بات چیت کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر28)

ضلع لسبیلہ نیا ڈویژن قیام ہونے پر پہلی خاتون سائرہ عطاء کو کمشنر لسبیلہ تعینات

حب (خ ن) ضلع لسبیلہ نیا ڈویژن قیام ہونے پر پہلی خاتون سائرہ عطاء کو کمشنر لسبیلہ تعینات کروایا گیا عوامی حلقوں کی تعریف۔ تفصیلات کے مطابق: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز ب (باقی صفحہ 3 نمبر27)

بلوچستان صوبائی اسمبلی، کوئٹہ کے کمیٹی روم میں اجلاس طلب

بی پی پی آر اے پورٹل پر اپ لوڈ کیے گئے ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا جائیگا

متعلقہ حکام کو تمام اصل اور مصدقہ ریکارڈ کمیٹی کے روبرو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) نے پیر، 03 اگست 2026، دوپہر 00:2 بجے بلوچستان صوبائی اسمبلی، کوئٹہ کے کمیٹی روم میں اجلاس طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں ضلع کونسل واشک کے مالی سال 2025-26 کے ترقیاتی بجٹ کی منظوری، مبینہ بے ضابطگیوں اور بی پی پی آر اے پورٹل پر اپ لوڈ کیے گئے ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ متعلقہ حکام کو تمام اصل اور مصدقہ ریکارڈ کمیٹی کے روبرو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) نے پیر، 03 اگست 2026، دوپہر 00:2 بجے بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر7)

پی ٹی سی ایل گروپ کی مالی کارکردگی میں نمایاں بہتری، آمدنی میں 62 فیصد سالانہ اضافہ

اسلام آباد/کوئٹہ (مطیع اللہ مطیع) ملک کی صف اول کی ٹیلی کام اور آئی سی ٹی سروسز فراہم کرنے والی کمپنی، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل)، نے 30 جون (باقی صفحہ 3 نمبر26)

نجکاری کمیشن بورڈ نے فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی نجکاری کے لیے تنظیم نو کی سفارش کردی

اسلام آباد (آن لائن) نجکاری کمیشن بورڈ نے تین ڈسکوز کی تنظیم نو کے منصوبوں کی منظوری کی سفارش کرتے ہوئے فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی نجکاری کے لیے تنظیم نو کا فریم ورک کابینہ کمیٹی برائے نجکاری (CCOP) کو بھجوانے کی سفارش کردی ہے۔ نجکاری کمیشن کے اعلامیے کے مطابق حکومت نے تین ڈسکوز کی نجکاری کے لیے ایک خصوصی کمپنی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ نجکاری کے عمل کو سرمایہ کاروں کے لیے مزید پرکشش اور موثر بنایا جاسکے۔ اعلامی (باقی صفحہ 3 نمبر32)

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ میں علاقے کے معتبرین اور کثیر تعداد میں لوگ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان بھر میں قائم مختلف ہسپتالوں کی کارکردگی اور طبی سہولیات کا جائزہ

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس

دستیاب سہولیات، آئندہ توسیعی منصوبوں اور درپیش ضروریات پر تفصیلی غور

کوئٹہ/گوادر (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر انتظام بلوچستان بھر میں قائم مختلف ہسپتالوں کی کارکردگی اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں خصوصی طور پر جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈشپ ہسپتال گوادر کی موجودہ صورتحال، دستیاب سہولیات، آئندہ توسیعی منصوبوں اور درپیش ضروریات پر تفصیلی غور کیا (باقی صفحہ 3 نمبر25)

کھیلوں اور تفریح کی بنیادی سہولیات کو فروغ دیا جائیگا، ڈی سی خضدار

ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے احاطے میں واک ٹریک کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

خضدار (خ ن) شہریوں کو صحت مند سرگرمیاں فراہم کرنے کیلئے ڈویژنل پبلک کالج خضدار کے احاطے میں واک ٹریک کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ تختی کی نقاب کشائی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کی۔ اس موقع پر میجر اسرار، چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ، انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین بشیر احمد جتک، ایگزیکٹو آفیسر ز انجینئر سلیم رزاق عمرانی، انجینئر عبدالرؤف قمرانی، چیئرمین خضدار پریس کلب کے چیئرمین ایوب بلوچ، ایس ایچ او خضدار (باقی صفحہ 3 نمبر18)

موسیٰ بلوچ اور ممبران غلام نبی مری، چیئرمین جاوید بلوچ کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ اور مرکزی کمیٹی کے ممبران غلام نبی مری، چیئرمین جاوید بلوچ نے بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی رہنما حاجی نیک محمد ساسولی کے کزن اور حاجی محمد صادق ساسولی کے فرزند محمد طلحہ احمد ساسولی (باقی صفحہ 3 نمبر19)

اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد

شرکاء نے بلا جھجک اپنے مسائل، تجاویز اور شکایات انتظامیہ کے سامنے پیش کیں

گوادر/پسنی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق عوام کو ان کی دہلیز پر شفاف، بروقت اور موثر حکومتی خدمات کی فراہمی، عوامی مسائل کے فوری حل اور عوام و انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانے کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ گوادر ورقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران، منتخب عوامی نمائندوں، سماجی شخصیات، ماہی گیر برادری، تاجر تنظیموں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر22)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمتین کا 25 دن میں بلاک شناختی کارڈ بحال کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار عبدالمتین نے بتایا کہ انکے خاندانی ریکارڈ میں اجنبی شخص کا اندراج ہوگیا تھا۔ جس کی وجہ سے انکا شناختی کارڈ نادرا کی جانب سے بلاک کر دیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے انہوں نے 2013 سے کئی کمیٹیاں کی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا درخواست (باقی صفحہ 3 نمبر29)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی فضل خان قادر مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

امن و امان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کمشنر لورالائی

جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

لورالائی (خ ن) لورالائی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے کمشنر کو ضلع میں صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق عوامی مشکلات سے آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ شہر لورالائی میں BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور بروقت تکمیل کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ وفد نے ضلعی انتظامیہ کی جا (باقی صفحہ 3 نمبر17)

حب شہر میں قائم صدیق سنز کمپنی کا مبینہ طور پر انتہائی مضر صحت ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کے خلاف قانونی نوٹس جاری

حب (آن لائن) حب شہر میں قائم صدیق سنز کمپنی کی مبینہ طور پر انتہائی مضر صحت ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کے خلاف قانونی نوٹس جاری۔ ضلعی انتظامیہ حب اور محکمہ ماحولیات بلوچستان اعلیٰ حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ ہے۔ حب شہر سے محکمہ ماحولیات تحفظ ایجنسی (باقی صفحہ 3 نمبر20)

عوام کے اعتماد کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے، میر دوران کھوسہ

بلوچستان کے عوام کے مفادات پر کسی بھی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

صحبت پور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر حلقہ پی بی 15 کے ٹکٹ ہولڈر عوام کے دلوں کی دھڑکن میر دوران خان کھوسہ نے اپنے ایک اہم بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے مفادات پر کسی بھی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کینال منصوبے میں این او سی کے بغیر حیر دین ڈرینج کو شامل کرنے کی کوشش ناقابل قبول ہے اور ایسے کسی بھی اقدام کی ہر سطح پر بھرپور مخالفت کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق، وسائل اور مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا اور کسی بھی ایسے فیصلے کو قبول نہیں کیا جائے گا (باقی صفحہ 3 نمبر21)

سلیمانخیل قبیلہ سادات اسٹریٹ حاجی محی الدین قلعہ پائندخان روڈ کوئٹہ میں قبائلی جرگہ کا کامیاب اقدام

کوئٹہ (آن لائن) سلیمانخیل قبیلہ سادات اسٹریٹ حاجی محی الدین قلعہ پائندخان روڈ کوئٹہ میں قبائلی جرگہ کا کامیاب اقدام، 18 سال قبل قتل کا دیرینہ واقعہ جس میں شیر محمد سلیمانخیل شہید ہوگئے تھے کا فیصلہ دونوں فریقین کی کاوشوں سے دشمنی ختم اور آپس میں گلے مل گئے شیر محمد شہید (باقی صفحہ 3 نمبر30)

افغان مہاجرین کے انخلا میں کام کرنے والے 118 گاڑی مالکان معاوضے سے محروم

ہر گاڑی کے لاکھوں روپے ضلعی انتظامیہ کے ذمے واجب الادا ہیں، مالکان شدید مالی مشکلات کا شکار

چاغی (آن لائن) افغان مہاجرین کے انخلا میں کام کرنے والے 118 گاڑی مالکان معاوضے سے محروم افغان مہاجرین کے انخلا کے دوران ضلعی انتظامیہ کے لیے خدمات (باقی صفحہ 3 نمبر31)

کوئٹہ، بلوچستان ریفارم سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ادبی سوسائٹی کے ممبران کو نوٹیفکیشن دینے کی تقریب کے موقع پر ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری کا پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، ڈاکٹر سکندر، شیخ فرید اللہ، علیمہ، پلوشہ خلجی، جہاں آرا تبسم، فاریہ بتول اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جارہی ہے، چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے، پاکستان غریبوں پارٹی

میر عاصم کرد گیلو کو بلوچستان کا آئندہ اڑھائی سال کیلئے وزیر اعلیٰ بنایا جائے جو صوبے کے حالات کو کنٹرول کرسکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جارہی ہے جسے سنبھالنا وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے بس میں نہیں ہے، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان معاہدے کے مطابق صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو کو بلوچستان کا آئندہ اڑھائی سال کیلئے وزیر اعلیٰ بنایا جائے جو صوبے کے حالات کو کنٹرول کرسکتے ہیں۔ یہاں جار (باقی صفحہ 3 نمبر10)

ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ اور موثر ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے، ڈاکٹر بہاول لہڑی

مریضوں کی بروقت تشخیص اور مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے، خطاب

نصیر آباد (خ ن) ہیپاٹائٹس کے عالمی دن کے موقع پر ضلع نصیرآباد میں بلوچستان کے ماہر کنسلٹنٹ لیور ٹرانسپلانٹ ہیپاٹولوجسٹ ڈاکٹر بہاول لہڑی کی سربراہی میں ہیپاٹائٹس سے آگاہی کے لیے ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جو ڈی ایچ او آفس سے شروع ہو کر سول ہسپتال روڈ اور کمشنر آفس سے ہوتی ہوئی واپس ڈی ایچ او آفس پہنچی۔ ریلی میں ڈسٹرکٹ چیئرمین فرید الحق لہڑی (باقی صفحہ 3 نمبر8)

کوئٹہ، مشرقی بائی پاس کے رہائشی لعل محمد سالانی کا بیٹے سے لاتعلقی کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس کے رہائشی لعل محمد سالانی نے کہا ہے کہ میرا بیٹا محمد حسن گزشتہ 15 روز سے گھر (باقی صفحہ 3 نمبر9)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل سینٹر ژوب کا اعلامیہ

ژوب (آن لائن) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل سینٹر ژوب کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ خزاں 2026ء کے داخلوں کا شیڈول جاری کر دیا ہے اعلامیے کے مطابق میٹرک ایف اے، اے ڈی اے، بی ایس، بی ایڈ، پی جی ڈی اور مختلف سرٹیفکیٹ پروگراموں سمیت متعدد تعلیمی پروگراموں میں داخلوں کا آغاز کر دیا گیا ہے اعلامیے کے مطابق تازہ داخلوں کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر12)

دھاڈر میونسپل کمیٹی کی ناقص کارکردگی کے خلاف عوامی ردعمل پر اعلیٰ حکام کا نوٹس گندگی اور کچرے اٹھانے کا کام شروع

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر میونسپل کمیٹی کی ناقص کارکردگی کے خلاف عوامی ردعمل پر اعلیٰ حکام کا نوٹس گندگی اور کچرے اٹھانے (باقی صفحہ 3 نمبر11)

سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی کی زیر صدارت اہم اجلاس

اجلاس میں یوم آزادی 14 اگست کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ

تمام محکمے اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے امور کو فوری طور پر حتمی شکل دیں

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی) بلوچستان آغا فیصل کی زیر صدارت یوم آزادی 14 اگست کی تقریبات کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں متفقہ طور پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پورے بلوچستان میں یوم آزادی پورے قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس اہم اجلا (باقی صفحہ 3 نمبر13)

تعیناتی عدالتی فیصلوں اور حکومتی پالیسی کے مطابق کارروائی کی جائے، پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی ترجمان نے محکمہ صحت خضدار میں سینئر کلرک، جونیئر کلرک، اے ایس وی (ASV) اور لیڈی ہیلتھ سپروائزر کی پروموشن پوسٹوں پر براہ راست (ڈائریکٹ) غیر قانونی تعیناتیوں اور لوا (باقی صفحہ 3 نمبر14)

حاجی خیر اللہ ناصر سے مختلف قبائلی عمائدین پر مشتمل وفد کی ملاقات

قبائلی روایات کے مطابق بھائی چارے کے فروغ کی ضرورت پر زور

دکی (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین دکی حاجی خیر اللہ ناصر سے مختلف قبائلی عمائدین پر مشتمل ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، حالیہ چوری کی وارداتوں، عوام کو درپیش مسائل اور علاقائی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں قبائلی عمائدین نے ضلع میں امن و استحکام کے قیام، جرائم کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قبائلی روایات کے مطابق بھائی چارے کے فروغ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں تمام مکاتب فکر کو یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں (باقی صفحہ 3 نمبر15)

تربت یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر محمد وارث نے یونیورسٹی سینز ملائیشیا سے پی ایچ ڈی مکمل کرلی

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کامرس کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر محمد وارث نے 28 جولائی 2026 کو اپنے پی ایچ ڈی مقالے کا کامیابی سے دفاع کیا۔ انہوں نے گرین فنانس کے موضوع پر یونیورسٹی سینز ملائیشیا کے اسکول آف مینجمنٹ سے اپنی ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر16)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، قیصر محمود خان، سید اقبال شاہ، ارشد گجر، امین کشمیری، سرمد صدیق، شاہجہان گجر، محمد حسین اور دیگر سیاسی و سماجی رہنما، قیصر محمود کی جانب سے آزاد جموں و کشمیر کے امیدوار کرنل چوہدری عبدالقدیر چوہان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com